نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت اگیتی کپاس کے ہدف کے جائزہ اجلاس کا ملتان میں انعقاد

صوبہ میں 10 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی اگیتی کاشت کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:15 مارچ 2025: صوبہ میں 10 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی اگیتی کاشت کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔ پنجاب میں کپاس کی بحالی کو چیلنجنگ ٹاسک کے طور پر لیا جارہا ہے۔ کپاس کی اگیتی کاشت میں کاشتکاروں کا بھرپور تعاون قابل ستائش ہے۔ تاریخ میں پہلی بار کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے بھرپور انداز میں مہم جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں منعقدہ کپاس کی اگیتی کپاس کے ہدف کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، چیئر مین نیشنل سیڈ اتھارٹی ڈاکٹر آصف علی، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ، ڈائریکٹر جنرلز زراعت پنجاب چوہدری عبد الحمید، نوید عصمت کاہلوں، عبد القیوم، صدر کسان اتحاد خالد کھوکھر، کاٹن ایکسپرٹ ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ سمیت محکمہ زراعت و انہار کے افسران شریک ہوئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں کپاس کی اگیتی کاشت ناگزیر ہو چکی ہے۔ تاریخ میں پہلی بار کپاس کی اگیتی کاشت پر مالی اعانت کا خصوصی پیکج کاشتکاروں کو فراہم کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کو اہداف تفویض کئے گئے ہیں۔ اگیتی کپاس کے ہدف کے حصول میں ناکامی کی صورت میں متعلقہ افسران و عملہ کو جواب دہ ہونا پڑے گا۔ کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے آئندہ 15 دن بہت اہم ہیں۔ کپاس کی بحالی کیلئے ماہرین کی مشاورت سے عملی سرگرمیوں کا کیلنڈر تیار کیا جائے۔ فیلڈ فارمیشنز کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے فعال عملی کردار ادا کریں۔ انھوں نے کہا کہ مارکیٹ میں معیاری زرعی مداخل کی مقرر کردہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنائی جارہی ہے۔ بعد ازاں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ملتان میں زیرِ تعمیر ماڈل ایگری مال کا دورہ کیا۔ اپنے دورہ کے موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے تعمیراتی کام کے معیار اور رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆